سلسلۃ العالیۃ نقشبندیہ مجددیہ

THE ELEVATED POETIC CHAIN OF THE NAQSHBANDI MUJADDIDI TARIQAH OF HADHRAT SHAYKH ZULFIQAR AHMAD NAQSHBANDI ﷺ

بسم الله الرحمن الرحيم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

یا الٰہی! اپنی ذات کبریا کے واسطے ۔
فضل کر مجھ پر محمد مصطفٰی ﷺ کے واسطے ۔

حضرت صدیق اکبرؓ تھے خلیفہء رسول ۔
نورِ نسبت کر عطا اس باوفا کے واسطے ۔

حضرت سلمان فارسؓ ہوئے شامل اہل بیت ۔
عشق دے مجھے اپنا اس باحیا کے واسطے ۔

حضرت قاسمؒ امام پوتے تھے صدیق کے ۔
معرفت دے اس فقیہ باخدا کے واسطے ۔

خواجہ حضرت جعفر صادقؒ امام وقت تھے ۔
رحم کر مجھ پر امام اصفیاء کے واسطے ۔

قطب عالم غوث اعظم شیخ اکبر بایزیدؒ ۔
استقامت بخش ایسے رہنما کے واسطے ۔

خواجہ حضرت بوالحسنؒ جو ساکن خرقان تھے ۔
ہوں لطائف جاری ایسے پر صفا کے واسطے ۔

حضرت خواجہ ابو القاسمؒ رہے گرگان میں ۔
ذکر کا لطف ہو نصیب اس پر ضیاء کے واسطے ۔

شیخ عالم خواجہ حضرت بو علیؒ تھے فارمدی ۔
دے مجھے اعمال صالح اولیاء کے واسطے ۔

حضرت خواجہ ابو یوسفؒ جو تھے ہمدان کے ۔
علم و حکمت ہو عطا اس پر سخا کے واسطے ۔

خواجہ عبد الخالقؒ غجدوانی تھے فرد فرید ۔
درد اپنا کر عطا خواجہ جہاں کے واسطے ۔

حضرت خواجہ محمد عارفؒ باللہ ریوگری ۔
خوب ہو عرفان حاصل اتقیاء کے واسطے ۔

خواجہ محمودؒ تھے مانند فغنہ کی انجیر ۔
زندگی محمود ہو در بے بہا کے واسطے ۔

حضرت خواجہ عزیزان علیؒ رامیتنی ۔
نام تیرا ہو عزیز اس بے ریا کے واسطے ۔

حضرت بابا سماسیؒ عاشق ذات خدا ۔
عشق سے سینہ جلے عاشق خدا کے واسطے ۔

حضرت شاہ کلاں میر سید متقیؒ ۔

نفس ہو مغلوب ایسے مقتدا کے واسطے ۔

پیر پیراں شیخ دوراں خواجہ حضرت نقشبندؒ ۔

نقش اسم ذات دل پر ہو خدا کے واسطے ۔

حضرت خواجہ علاؤالدینؒ جو عطار تھے ۔

دل معطر ہو مرا اس خوش لقا کے واسطے ۔

حضرت یعقوب چرخیؒ عاشق قرآن تھے ۔

سستی غفلت دور ہو اس خوش لقا کے واسطے ۔

حضرت خواجہ عبید اللہؒ جو احرار تھے ۔

ہو گناہوں سے رہائی دلربا کے واسطے ۔

خواجہ مولانا محمد زاہدؒ روشن ضمیر ۔

ہم کو بھی زاہد بنا اہل دعا کے واسطے ۔

خواجہ درویش محمد شاہؒ درویشاں جو تھے ۔
ہم کو درویش کر صاحب عبا کے واسطے ۔

خواجہ امکنگی محمد مظہرؒ اسرار حق ۔
ہوں ہمیں اسرار حاصل با خدا کے واسطے ۔

حضرت خواجہ محمد باقی باللہؒ راز داں ۔
راز داں مجھ کو بنا شاہ اولیاء کے واسطے ۔

حضرت خواجہ مجدد الف ثانیؒ اہل دل ۔
دل منور کر مرا اس دل صفا کے واسطے ۔

عروۃ الوثقی خواجہ محمد معصومؒ باکمال ۔
ہو کمال ہم کو عطا اس حق نما کے واسطے ۔

خواجہ سیف الدینؒ صاحب سیف تھے جو دین کے ۔
سر کٹے حرص و ہوا کا بے نوا کے واسطے ۔

حضرت حافظ محمد محسنؒ تھے کتنے حسین ۔
ظاہر و باطن ہو اچھا خوش ادا کے واسطے ۔

خواجہ سید نور محمدؒ تھے وہ نور علی نور ۔
نور سے سینہ بھرے سید صفا کے واسطے ۔

مرزا مظہرؒ جان جاناں تھے حبیب اللہ شہید ۔
رکھ شریعت پر مجھے پیر ھدیٰ کے واسطے ۔

حضرت خواجہ غلام علیؒ مجدد دہلوی ۔
خاص بندوں سے بنا اس جاں فدا کے واسطے ۔

قطب دوراں حضرت شاہ بو سعیدؒ دہلوی ۔
مجھ کو مل جائے سعادت اہل عطا کے واسطے ۔

حضرت احمد سعیدؒ دہلوی مدنی ہوئے ۔
ذوق و شوق اپنا تو دے اس باحیا کے واسطے ۔

حضرت حاجی دوست محمدؒ تھے نہایت پارسا ۔
پارسائی کر عطا اپنی رضا کے واسطے ۔

حضرت عثمان دامانیؒ قطب تھے وقت کے ۔
ہوں روا حاجات اہل اجتباء کے واسطے ۔

حضرت خواجہ سراج الدینؒ تھے عالی مقام ۔
کر سراج دل کو روشن پر ضیاء کے واسطے ۔

شاہ تاج اولیاء فضل علیؒ مسکین پوری ۔
فضل تیرا ہم پہ ہو اس باصفا کے واسطے ۔

خواجہ عبد المالکؒ صدیقی امام الاولیاء ۔
بخش دے ہم سب کو تو اس رہنما کے واسطے ۔

مرکز توحید سے پاتے ہیں فیض حضرت حبیبؒ ۔
نقش دوئی کا مٹے باخدا کے واسطے ۔

حضرت ذوالفقار احمد طالب وصل حبیب ۔

وصل اپنا کر عطا سب اولیاء کے واسطے ۔

کر قبول ان ناموں کی برکت سے ہر جائز دعا ۔

یا رب ! اپنے رحمت بے انتہا کے واسطے ۔

دل مرا رکھ دائما ذاکر بذکر اسم ذات ۔

اے خدا ! جملہ مقدس اصفیاء کے واسطے ۔

خاتمہ بالخیر ہو میری خطائیں معاف کر ۔

اپنی رحمانی رحیمی اور عطا کے واسطے ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

عالیة

ALIYA PUBLICATIONS: +27(0)118523661/+27(0)832908417

aliyapublications@gmail.com www.salawaat.wordpress.com